A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ

## پریس ریلیز نمبر03/18

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیراہتمام امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ ون/ٹو، اور امتحان علوم شرقیہ سالانہ 2018ء مورخہ 05-05-2018 سے شروع ہوگا۔

امتحان میں شرکت کے اہل امیدواران درج ذیل شیڈول کے مطابق اپنے داخلہ فارم آن لائن بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisegrw.com پر بھجوا سکتے ہیں۔

### شیڈول

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 19 جنوری 2018ء تا 19 فروری 2018ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 20 فروری 2018ء تا 28 فروری 2018ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | یکم مارچ 2018ء تا 09 مارچ 2018ء |

### شرح فیس

| گروپ | داخلہ فیس انٹر (پارٹ I) | داخلہ فیس انٹر پارٹ (II) | کمپوزٹ داخلہ فیس | علوم شرقیہ |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ ریگولر | -/800 روپے | -/800 روپے | -/1500 روپے | -/900 روپے فی طالب علم |
| آرٹس گروپ ریگولر | -/750 روپے | -/750 روپے | -/1400 روپے | |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | -/900 روپے | -/900 روپے | -/1700 روپے | |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ | -/800 روپے | -/800 روپے | -/1500 روپے | |

| | |
|---|---|
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے لیے | -/550 روپے مذکورہ فیس انٹر پارٹ ٹو/علوم شرقیہ کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ |
| رجسٹریشن فیس | -/1000 روپے (مذکورہ فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی) |
| پروسیسنگ فیس انٹر پارٹ ون گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے | =/195 روپے فی طالب علم |
| پروسیسنگ فیس/داخلہ فارم قیمت انٹر پارٹ ون پرائیویٹ امیدواران | =/295 روپے فی طالب علم |
| پروسیسنگ فیس/داخلہ فارم قیمت انٹر پارٹ ٹو، علوم شرقیہ گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے/پرائیویٹ امیدواران | =/295 روپے فی طالب علم |

Result.pk

**نوٹ:** امتحان انٹرمیڈیٹ (پارٹ ون، پارٹ ٹو) سالانہ 2018ء کے لیے ریگولر امیدواران کا تمام تر Data بورڈ کی آفیشل Website پر Upload کردیا گیا ہے۔ ادارہ جات اپنے امیدواران کے داخلہ فارم پرنٹ کریں اوران کو مکمل کر کے مقررکردہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔

**ضروری ہدایات:**

1. ریگولر امیدواران انٹر پارٹ ون کے امتحان کے لیے داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس مبلغ =/195 روپے جبکہ پارٹ ٹو میں داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس -/295 روپے اور پرائیویٹ امیدواران انٹر پارٹ ون/ٹو کے امتحان کی داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس /داخلہ فارم قیمت مبلغ/295 روپے بھی جمع کروائیں گے۔
2. ریگولر امیدواران جو انٹر پارٹ ون کے امتحان میں فیل ہونے کے بعد دوبارہ انٹر پارٹ ون میں Re-Admit ہوں وہ داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس مبلغ =/195 روپے بھی جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ انٹر پارٹ ون کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ

جاری ہے۔۔۔۔

فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت مبلغ =/295 روپے جمع کروائیں گے۔

3. پبلک سیکٹر کے ایسے ریگولر امیدواران جنہوں نے انٹر پارٹ ون سالانہ 2017ء میں 33% سے کم نمبر حاصل کیے اور انٹر پارٹ ٹو کے ساتھ انٹر پارٹ ون کے ان مضامین کا بھی امتحان دے رہے ہیں تو انہیں انٹر پارٹ ون اور ٹو کی پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت مبلغ =/295 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے کے علاوہ داخلہ فیس انٹر پارٹ ون بھی جمع کروانی ہوگی۔

4. ریگولر امیدواران جو انٹر پارٹ ٹو کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت مبلغ =/295 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے + داخلہ فیس جمع کروائیں گے۔

5. ریگولر داخلہ فارم دستی جمع کروانے کے لیے ادارہ فارورڈنگ لیٹر برائے شعبہ فنانس انکم کے ساتھ اصل بینک چالان منسلک کر کے مذکورہ سیکشن میں جمع کروا کر فارورڈنگ لیٹر برائے امتحانی برانچ پر وصولی کی رسید حاصل کر کے داخلہ فارم متعلقہ امتحانی برانچ میں جمع کروائیں۔ یاد رہے کہ (ثبوت برائے جمع شدہ فیس) فنانس برانچ کی طرف سے وصولی کی رسید دکھائے بغیر داخلہ فارم کسی بھی صورت امتحانی برانچ میں جمع نہیں ہوں گے۔

6. ریگولر داخلہ فارم بذریعہ رجسٹر ڈاک / کوریئر بھجوانے کی صورت میں ادارہ فارورڈنگ لیٹر برائے شعبہ فنانس انکم بمعہ اصل بینک چالان منسلک کر کے لفافہ بنام جناب ڈپٹی سیکرٹری فنانس BISE گوجرانوالہ کو ارسال کرے۔ اور داخلہ فارم بنام اسسٹنٹ کنٹرولر (انٹر) کو ارسال کریں۔

7. ریگولر داخلہ فارم اور فیس مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں وصول ہونا لازمی ہے۔

8. جمع شدہ فیس ناقابلِ واپسی ہے۔

9. پرائیویٹ امیدواران امتحانی داخلہ فیس اور داخلہ فارم دونوں مقررہ تاریخ تک صرف حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچوں میں جمع کروائیں۔ بینک سے وصول کردہ چالان فارم ہی فیس و داخلہ فارم کی رسید ہوگی۔

10. پہلی دفعہ پرائیویٹ امیدواران سائنس گروپ اور دیگر پریکٹیکل والے مضامین میں امتحان دینے کے اہل نہ ہوں گے۔

11. درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

12. داخلہ فارم ہر لحاظ سے مکمل پر کرنے کے بعد حبیب بینک کی نامزد برانچوں میں اندریں شیڈول جمع کروائیں۔

13. امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ رش / لمبی قطاروں سے بچنے کے لیے اپنے داخلہ فارم بروقت آن لائن کرنے کے بعد امتحانی فیس کے ہمراہ حبیب بینک کی نامزد برانچوں میں جمع کروائیں۔

Result.pk

14. پرائیویٹ امیدواران آن لائن داخلہ فارم بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bisegrw.com سے حاصل کریں۔

15. کوئی ادارہ / امیدوار کا (Double) داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہیں ہوگا۔

16. سربراہ ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط اور نشان انگوٹھا وغیرہ ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔

17. ڈبل داخلہ فارم بھیجنے اور بھجوانے والے کے خلاف بورڈ قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

۔دستخط۔

**(ناصر محمود اعوان)**

کنٹرولر امتحانات

## کاپی برائے اطلاع:

1. جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈز، پاکستان
2. جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
3. جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز، ہائیر سیکنڈری سکولز) ملحقہ بورڈ
4. جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ
5. جناب منیجر، حبیب بینک لمیٹڈ، بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں
6. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
7. داخلی تقسیم

**اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)**

مورخہ: 10-01-2018